ہونوریس بدستور شہنشاہ رہا۔

۴۵۲ء میں اٹلا نے اطالیہ کا رُخ کیا اور پورے شمالی علاقے کو روند ڈالا۔ اسی سال اٹلا کی موت واقع ہو گئی اور ہن سلطنت جس تیزی کے ساتھ ابھری تھی اسی تیزی کے ساتھ بیٹھ بھی گئی۔ اٹلا کی موت کے دو سال بعد ۴۵۵ء میں وینڈال قوم نے طالیہ کو تہ و بالا کر ڈالا۔ اطالوی شہنشاہ اپنی تذلیل کا انتقام لینے سے قاصر تھا۔ رومن شہنشاہیت ہچکیاں لے رہی تھی۔ صرف نام باقی تھا۔ یہ نام بھی اس وقت جاتا رہا جب آسٹرو گاتھ حکمران تھیوڈورک (Theodoric) جسے اٹلا نے بے وطن کیا تھا، اطالیہ پر حملہ آور ہوا اور ۴۸۸ء میں اس نے آخری وزیری گاتھ شہنشاہ کو کھلے میدان میں شکست دی اور ۴۹۳ء میں محصور شہر راوینا سے صلح کے بہانے طلب کر کے قتل کر ڈالا۔

مغربی سلطنت روما کا چراغ آٹھ صدیوں تک ضوفشاں رہ کر بجھ گیا۔ مغرب کے حصے بخرے ہو گئے۔ مشرقی سلطنت روما بازنطین کے نام سے پندرھویں صدی تک قائم رہی تا آنکہ ترک فاتحین نے اسے بھی ۱۴۵۳ء میں ختم کر دیا۔ (جاری ہے)

---

نوٹ: تفصیلات کے لئے ملاحظہ ہو۔ ہنری پائرین کی تاریخ یورپ صفحات ۲۶ تا ۳۰

خیرکم من تعلم القرآن وعلمه

خود پڑھیے اور دوسروں کو پڑھائیے

فی شمارہ چار روپے ــــ سالانہ زرِتعاون/۴۰ روپے
قریبی بک اسٹال سے حاصل کریں یا ہم سے طلب فرمائیں

مکتبہ تنظیم اسلامی ــــ ۳۶۔کے، ماڈل ٹاؤن، لاہور
فون نمبر۔ ۸۵۲۶۱۱

اسلام کی انقلابی قدروں کا علمبردار
ماہنامہ میثاق لاہور
مدیر: ڈاکٹر اسرار احمد

© rasailojaraid.com